₹ 4.00 • 16 Pages • New Delhi • Sunday, April 10, 2016 • Vol. No. 4 • Issue No.



ہمدرد یونیورسٹی، نئی دہلی نے حاصل کی ”ٹاپ رینکنگ“

اعلیٰ تعلیمی اداروں کی پہلی نیشنل رینکنگ (NRHEI) میں جامعہ ہمدرد نے فارمیسی اور یونیورسٹی زمرے میں **ٹاپ رینکنگ** حاصل کی ہے۔ مرکزی وزیر برائے فروغ انسانی وسائل محترمہ اسمرتی زوبین ایرانی نے وگیان بھون نئی دہلی میں منعقدہ ایک تقریب میں اس رینکنگ کا اجرا کیا۔

جامعہ ہمدرد نے قومی سطح کی اس رینکنگ میں شامل 454 فارمیسی انسٹی ٹیوٹس میں **تیسرا مقام** حاصل کیا جبکہ رینکنگ کے لیے اندراج یافتہ 233 یونیورسٹیوں میں اس نے **18واں مقام** حاصل کیا ہے۔

جامعہ ہمدرد آج کل مشہور سائنسداں ڈاکٹر جی این قاضی، وائس چانسلر کی فعال قیادت میں مسلسل ترقی پذیر ہے، جنھوں نے تحقیق اور صحت کی دیکھ ریکھ کے علوم پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے ہمدرد انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز اینڈ ریسرچ (HIMSR) قائم کیا ہے۔ لائف سائنسز اور صحت میں مزید امکانات اور سستی و معیاری طبی خدمات مہیا کرانے کے مقصد سے قائم کیا گیا ایچ آئی ایم ایس آر جامعہ ہمدرد کا ایک حوصلہ افزا منصوبہ ہے جو حکیم عبدالحمید کے خوابوں کی تعبیر کے حصول کی راہ میں اس کے بانیوں کی دوراندیشی کا نتیجہ ہے۔ انسٹی ٹیوٹ کے قیام میں اور ہمدرد کے نصب العین کو آگے بڑھانے میں جامعہ ہمدرد کے رجسٹرار ڈاکٹر فردوس اے وانی کا بھی بڑا اہم کردار ہے۔

ہندوستان میں جامعہ ہمدرد ان چند یونیورسٹیوں میں ہے جس نے اپنے کیمپس میں قومی اور بین الاقوامی کمپنیوں کے زیر انتظام تحقیق و ترقی اور تربیت کے مراکز قائم کیے، مثلاً سن فارما (سابقہ رن بیکسی) یہاں کلینکل فارمیسی یونٹ چلاتی ہے، ہلمین لیبس ویکسین ریسرچ سینٹر اور فلو سیٹومیٹری میں بی ڈی بایو سائنسز بی ڈی۔ جے ایچ ایف اے سی ایس اکیڈمی برائے تربیت و تحقیق چلاتی ہے۔

جامعہ ہمدرد کو ہندوستان کی ان چند یونیورسٹیوں میں سے ایک ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے جس کے پاس انٹلیکچول پراپرٹی مینجمنٹ سیل (IPMC) ہے جو فیکلٹی اور ریسرچ اسکالرز کو ان کی دریافت کو پیٹنٹ کرانے کی سہولیات مہیا کراتی ہے اور اس کے پاس ایک ریسرچ اینڈ پبلیکیشن اتھکس کمیٹی (مجلس اخلاقیات تحقیق و اشاعت) بھی ہے جو تحقیق میں غیر اخلاقی امور کے معاملوں کو دیکھتی ہے۔ مزید برآں پی جی اور پی ایچ ڈی سطح پر جامعہ ہمدرد نے معیاری تحقیق کی جانب ذہین طلبا کی حوصلہ افزائی کے لئے بڑی تعداد میں وظائف (اسکالرشپس) بھی مختص کئے ہیں۔

2016-17 کے لئے ایڈمیشن فارم آن لائن دستیاب ہیں۔ مزید تفصیلات کے لئے ایڈمیشن پورٹل www.jamiahamdard.edu / www.jamiahamdard.ac.in پر لاگ آن کریں۔